سوال

(934) آپ لوگ رفع الیدین کیوں کرتے ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آپ لوگ رفع الیدین عند الرکوع کرتے ہیں، کیا سمجھ کر کرتے ہیں؟ فرض، واجب، سنت، مستحب یا مباح، اگر فرض واجب ہے تو دلیل نص سے ایسی ہی پیش کریں۔ جس سے فرضیت یا وجوب ثابت ہو۔

اور اگر سنت ہے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے حکم یا دوام اور بقاء کا عمل پیش کریں۔ لیکن ان شرطوں کے ساتھ:

روایت صحیح ہو، صریح ہو، مرفوع ہو غیر مجروح ہو۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت کریں: صحیح، صریح، مرفوع، غیر مجروح روایت کے ساتھ:

1 وجود تراویح 2 متصل بعد نمازِ عشاء

3 قبل از وتر 4 باجماعت

5 دو دو رکعت 6 پورا رمضان المبارک

7 ختم قرآن فی التراویح 8 وتر باجماعت ادا کرنا (غضنفر الٰہی، کوٹ شاہاں، گوجرانوالہ)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ نے کچھ شرائط کے ساتھ دو سوالوں کے جواب طلب فرمائے ہیں۔ (۱) رفع الیدین عند الرکوع۔ (۲) تراویح۔

تو محترم ان مسئلوں کے حل سے بات بنتی نظر نہیں آتی کیونکہ قراءت فاتحہ، ہاتھ باندھنے، دعائے قنوتِ وتر میں رفع الیدین و تکبیر اور دیگر کئی ایک مسائل ان دو سوالوں کے جوابوں سے حل نہیں ہوتے، اس لیے مناسب ہے کہ آپ امام ابو حنیفہ کی تقلید پر بات چیت فرمائیں تاکہ مندرجہ بالا تمام مسائل حل ہو جائیں، اس لیے آپ امام ابو حنیفہ کی تقلید کو قرآن و سنت سے ثابت فرمائیں اور اپنی پیش کردہ شرائط کو ضرور ملحوظ رکھیں بڑی مہربانی ہوگی۔ ۱۴۲۱،۱،۴ھ

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02ص848

محدث فتویٰ